**16.01.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... آسیہ میمونہ

**Music**

--------------------------------

1- وزیر اعظم نریندر مودی نئی دلّی میں بھارت منڈپم میں اسٹارٹ اپ کے قومی دن کے موقع پر، اسٹارٹ اپ انڈیا کی ایک دہائی پوری ہونے کی تقریب میں شرکت کررہے ہیں۔

2- حکومت پارلیمنٹ کے آئندہ بجٹ اجلاس میں، خراب کوالٹی والے بیجوں کی فروخت پر قابو پانے کیلئے بیجوں سے متعلق قانون 2026 پیش کرے گی۔

3- بی جے پی 20 جنوری کو پارٹی کا قومی صدر کا انتخاب کرے گی۔

4- امریکہ نے ایران کو خبردار کیا ہے کہ وہ مظاہرین پر پُر تشدد کارروائی روکنے کیلئے ہر ممکن اقدام کرے گا۔ ایران نے امریکہ کی طرف سے کشیدگی کو ہوا دیے جانے کو مسترد کردیا ہے اور اِسے جارحیت پر مبنی ایک قدم قرار دیا ہے۔

5- اور بیڈمنٹن میں بھارت کے مایۂ ناز کھلاڑی لکشیہ سین، نئی دلّی میں انڈیا اوپن کے، مردوں کے سنگلز کواٹر فائنل میں، چین کے Lun Chun-Yi کا سامنا کریں گے۔

------------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM Startup Event**

وزیر اعظم نریندر مودی نئی دلّی میں بھارت منڈپم، اسٹارٹ اپ کے قومی دن کے موقع پر اسٹارٹ اپ انڈیا کی ایک دہائی پوری ہونے سے متعلق ایک تقریب میں شرکت کررہے ہیں۔ جناب مودی نے یہاں ایک نمائش بھی دیکھی اور نمائش کاروں سے بات چیت کی۔

اسٹارٹ اپ انڈیا کا آغاز وزیر اعظم نریندر مودی نے 16 جنوری 2016 کو کیا تھا، جو اختراع اور چھوٹے کاروبار کو فروغ دینے نیز سرمایہ کاری پر مبنی نشو نما کا، یکسر تبدیلی لانے والا ایک قومی پروگرام ہے۔ اِس قدم کا مقصد، بھارت کو روزگار فراہم کرنے والا ایک ملک بنانا ہے، نہ کہ روزگار تلاش کرنے والا۔

پچھلی دہائی میں اسٹارٹ اپ انڈیا بھارت کی معیشت اور اختراع کے تانے بانے کا ایک اہم ترین پروگرام بن کر اُبھرا تھا۔ اِس کی وجہ سے ادارہ جاتی نظام کو استحکام حاصل ہوا، اثاثے اور مینٹرشپ تک رسائی میں اضافہ ہوا اور بہت سے شعبوں

اور خطوں میں اسٹارٹ اپس کو ترقی پانے کیلئے ایک سازگار ماحول کی پرورش ہوئی۔

بھارت کے اسٹارٹ اپ ایکو نظام میں اِس مدت کے دوران، بے مثال توسیع ہوئی ہے۔ ملک بھر میں دو لاکھ سے زیادہ اسٹارٹ اپس کو تسلیم کیا گیا ہے۔×

**PM Staratup Day**

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ اسٹارٹ اَپس ایک آتم نربھر بھارت کی تعمیر میں ایک کلیدی رول ادا کررہے ہیں۔ نیشنل اسٹارٹ اپ ڈے کے موقعے پر ملک کی پُر جوش اسٹارٹ اپ برادری کے تئیں نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے وزیراعظم نے نوجوان اختراع کاروں کی حمایت کرنے کے تئیں حکومت کے عزم کو دہرایا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں اُنہوں نے کہا کہ حکومت ملک کے اسٹارٹ اَپ ایکو نظام کو مزید مستحکم بنانے کی خاطر سبھی متعلقہ فریقوں کے ساتھ مل کر کام کر رہی ہے۔ اُنہوں نے اسٹارٹ اَپس کو فروغ دینے میں سرمایہ کاروں، **Incubators**، رہنمائی کرنے والوں اور تعلیمی اداروں کی خدمات کو بھی تسلیم کیا۔

جناب مودی نے کہا کہ یہ موقع اُن نوجوانوں کی ہمت، اختراع اور کاروباری جذبے کا جشن منانے کا ہے، جنھوں نے عالمی اسٹارٹ اپ ایکو نظام میں بھارت کی پوزیشن کو مضبوط بنایا ہے۔

جناب مودی نے کہا کہ بھارت میں اصلاحات کا جو تیز رفتار سلسلہ شروع ہوا ہے، اُس سے اسٹارٹ اپ اداروں کیلئے خلا اور دفاع جیسے نئے شعبوں میں قدم رکھنے کیلئے انتہائی سازگار ماحول پیدا ہوا ہے۔×

**Piyush Goyal Startup**

آج اسٹارٹ اپس کے **10** ویں قومی دن کے موقع پر تجارت و صنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ بھارت کا اسٹارٹ اپ ایکو نظام، پچھلی دہائی میں ایک تاریخی سنگ میل رہا ہے، جس سے اختراع، استحکام اور عالمی پہچان کے ایک سفر کی عکاسی ہوتی ہے۔

چھوٹے کاروباریوں، اختراع کاروں اور سرکردہ صنعت کاروں سے خطاب کرتے ہوئے جناب گوئل نے بھارت کے اسٹارٹ اپ کے سفر کو کامیابی، ترقی، تجربات اور فتوحات کی ایک ناگزیر داستان قرار دیا۔×

**HM Kite Festival**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ مکرسنکرانتی کسانوں کا تہوار ہے اور وہ اِس دن اپنے نئے سال کا آغاز کرتے ہیں۔ آج نئی دِلی میں تیسرے بین الاقوامی پتنگ فیسٹول **2026** سے خطاب کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہا کہ مشہور شاعر کالی داس نے بھارت کیلئے ایک بہت ہی خوبصورت کہاوت ''**Utsav-priya Janah**'' کا استعمال کیا تھا، جس کا مطلب ہے کہ بھارت کے عوام تہواروں کے بہت شوقین ہیں۔ اُنہوں نے کہاکہ ہر موسم اور ہر وقت ملک کے عوام نے تہواروں کا اہتمام کیا ہے۔ جناب شاہ نے کہاکہ اِن تہواروں کے ذریعے پورا معاشرہ یکجا ہوتا ہے اور ایک مجموعی سوچ کے ساتھ آگے بڑھتا ہے اور **Uttarayan** اُس روایت کا ایک حصہ ہے۔

**S/B Amit Shah**

وزیر داخلہ نے کہا کہ Simon کمیشن کو ملک بھر میں بڑے پیمانے پر مخالفت کا سامنا کرنا پڑا تھا اور Simon واپس جاؤ کا نعرہ آزادی کی تحریک کی ایک علامت بن گیا۔ اُنہوں نے کہاکہ Simon کمیشن کے خلاف انتہائی سخت احتجاج Uttarayan میں ہوا، جب ملک بھر کے عوام نے پتنگوں پر Simon واپس جاؤ کے نعرے لکھ کر پتنگیں اُڑائیں اور پورا آسمان پتنگوں سے چھا گیا اور اِس انداز سے پتنگیں اُڑا کر برطانیہ کو اپنی طاقت دکھائی۔

سوم ناتھ مندر پر پہلے حملے کے ایک ہزار سال پورا ہونے کے موقع پر سوم ناتھ سوابھیمان پرو کے بارے میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہاکہ جن لوگوں نے بھی اِسے منہدم کیا، وہ آج دنیا کے نقشے میں کہیں موجود نہیں ہیں۔

جناب شاہ نے مکر سنکرانتی، پونگل، Lohri، Bihu Magh اور Uttarayan کے موقع پر ملک کے عوام خصوصاً کسانوں کو مبارکباد پیش کی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ لیفٹیننٹ گورنر ونے کمار سکسینہ، دلی کی وزیراعلیٰ ریکھا گپتا بھی اِس موقع پر موجود تھے۔×

**Shivraj - Seed Act**

حکومت پارلیمنٹ کے آئندہ بجٹ اجلاس میں بیجوں سے متعلق قانون 2026 پیش کرے گی۔ آج نئی دلّی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے زراعت اور کسانوں کی بہبود کے وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کہا کہ اِس بل کا مقصد، خراب کوالٹی والے، نقلی بیجوں اور اِن کی غیر قانونی فروخت پر قابو پانا ہے۔ اِس بل کا مقصد یہ بھی ہے کہ کسانوں کیلئے اعلیٰ درجے کے، سرٹیفائیڈ بیجوں کو یقینی بنایا جائے، غیر معیاری سامان کی روک تھام کیلئے نفاذ کو مستحکم بنایا جائے اور آب و ہوا سے مطابقت رکھنے والی اقسام کو فروغ دیا جائے۔

انہوں نے یہ بھی کہا کہ اِس نئے قانون سے، بیجوں کو خریدنے کی جگہ بھی معلوم کی جاسکے گی، تاکہ کسانوں کو یہ بات معلوم رہے کہ یہ بیج کہاں سے آئے ہیں اور انہیں کس نے سپلائی کیا ہے۔

**SB - Shivraj**

**BJP - Prez Elections**

بی جے پی نے آج، پارٹی کے قومی صدر کے انتخاب کی تاریخ کا اعلان کردیا ہے۔ کاغذات نامزدگی اِس مہینے کی 19 تاریخ کو داخل کیے جائیں گے اور اُسی دن اِن کی جانچ پڑتال کی جائے گی۔

یہ انتخاب 20 جنوری کو ہوگا۔×

**Rev. UNSC Iran Meeting**

امریکہ نے ایران کو خبردار کیا ہے کہ وہ بقول اُس کے مظاہرین پر ایک پُر تشدد کارروائی کو روکنے کیلئے ہر ممکن اقدام کررہا ہے۔ کل رات نیو یارک میں اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے ایک ہنگامی جلسے میں امریکہ کے مستقل نمائندہ Mike waltz نے کہا کہ صدر ٹرمپ نے یہ واضح کردیا ہے کہ مظاہرین کی ہلاکت کو روکنے کیلئے سبھی متبادل اُن کے سامنے ہیں۔

اُدھر ایران کے نائب مستقل نمائندہ غلام حسین درزی نے کہا کہ جارحیت، براہ راست یا بالواسطہ کسی بھی کارروائی کا جواب ایک فیصلہ کن، متناسب اور قانونی کارروائی سے دیا جائے گا۔

اِسی دوران، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنے اعلان میں کہا ہے کہ ایران نے یہ اشارہ دیا ہے کہ وہ امریکی دباؤ کے سبب مظاہرین کو پھانسی دینے کی دھمکیوں کا سلسلہ روک رہے ہیں۔

اقوام متحدہ کی اسسٹنٹ سکریٹری جنرل **Martha Pobee**، جنھوں نے کونسل کو جانکاری دی اِن مظاہروں کی وجہ، افراط زر اور ریال کی گرتی ہوئی قدر ہے اور اِن میں پچھلے ہفتے کے مقابلے کمی آئی ہے۔

روس اور چین کی حمایت والے ایران نے امریکہ پر کشیدگی کو ہوا دینے پر اُس کی نکتہ چینی کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ کسی بھی فوجی کارروائی سے خطے کے استحکام کو نقصان پہنچے گا۔×

## Trump Machado Meeting

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے واشنگٹن میں وہائٹ ہاؤس میں آج وینزویلا کی اپوزیشن لیڈر **Maria Corina Machado** سے ملاقات کی۔ میٹنگ کے دوران محترمہ **Machado** نے امریکی صدر کو اپنا نوبل امن انعام پیش کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر صدر ٹرمپ نے محترمہ **Maria Corina Machado** کو ایک عمدہ خاتون قرار دیا اور اپنا نوبل امن انعام انہیں پیش کرنے کے عمل کو ایک قابل تعریف جذبے سے تعبیر کیا۔

صدر کے ساتھ میٹنگ کے دوران محترمہ **Maria Corina** نے کہا کہ دونوں ملک جمہوریت کی طرف منتقلی کے حصول کیلئے تیزی سے آگے بڑھنے کیلئے تیار ہیں۔×

## IMD

بھارت کے محکمۂ موسمیات نے آج دلّی، ہریانہ، چندی گڑھ، پنجاب، اترا کھنڈ اور اتر پردیش میں گھنے سے بہت گھنا کہرا چھائے رہنے کیلئے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ محکمۂ موسمیات نے منگل تک آسام، میگھالیہ، بہار، ہماچل پردیش، جموں و کشمیر، لداخ، مغربی بنگال اور سکم کے دور دراز علاقوں میں گھنا کہرا چھائے رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔×

## J&K Pak Drone

جموں و کشمیر کے پونچھ ضلعے میں لائن آف کنٹرول کے حساس علاقوں اور سانبا ضلعے میں بھارت-پاک بین الاقوامی سرحد پر کل شام پاکستانی ڈرونس دیکھے گئے، جس پر سیکورٹی فورسز کی طرف سے فوری ردّعمل اور جوابی کارروائی کی گئی۔ سیکورٹی فورسز کو کسی بھی امکانی خطرے کو روکنے کیلئے ہائی الرٹ پر رکھا گیا ہے، فضائی نگرانی اور گشت تیز کردی گئی ہے۔ اِس کے علاوہ سرحدی علاقوں میں نگرانی شروع کر دی گئی ہے۔ حکام نے کہا کہ وہ صورتحال پر گہری نظر رکھے ہوئے ہیں۔×

## Badminton - India Open

بھارت کے، بیڈمنٹن کے مایۂ ناز کھلاڑی لکشیہ سین آج نئی دلّی میں، انڈیا اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے، مردوں کے

سنگلز کے کوارٹر فائنل میں، چینی تائی پے کے Lin Chun-Yi کے ساتھ کھیلیں گے۔ یہ میچ دوپہر تین بجے شروع ہوگا۔
اِس سے پہلے لکشیہ سین نے پری کوارٹر فائنل میں جاپان کے Kenta Nishimoto کو، سیدھے سیٹوں میں 21-19، 21-10 سے شکست دی تھی۔ یہ میچ نئی دلّی کے اندرا گاندھی انڈور اسٹیڈئم میں کھیلا گیا تھا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆